صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 24 اکتوبر 2017ء بمطابق 03 صفر 1439 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

إِنَّا نَحنُ نَزَّلنَا عَلَيكَ القُرءَانَ تَنزِيلاً ○ فَاصبِر لِحُكمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِع مِنهُم ءَاثِمًا أَو كَفُورًا ○ وَاذكُرِ اسمَ
رَبِّكَ بُكرَةً وَأَصِيلاً ○ وَمِنَ الَّيلِ فَاسجُد لَهُ وَسَبِّحهُ لَيلاً طَوِيلاً ○ إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّونَ العَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ
وَرَآءَهُم يَومًا ثَقِيلاً ○ نَّحنُ خَلَقنٰهُم وَشَدَدنَآ أَسرَهُم وَإِذَا شِئنَا بَدَّلنَآ أَمثٰلَهُم تَبدِيلاً ○ إِنَّ هٰذِهِ
تَذكِرَةٌ فَمَن شَآءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ سَبِيلاً ○ وَمَا تَشَآءُونَ إِلَّآ أَن يَشَآءَ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ○
يُدخِلُ مَن يَشَآءُ فِي رَحمَتِهِ وَالظّٰلِمِينَ أَعَدَّ لَهُم عَذَابًا أَلِيمًا۔

(ترجمہ): اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہم نے تم پر قرآن آہستہ آہستہ نازل کیا ہے۔ تو اپنے پروردگار کے حکم کے مطابق صبر کئے رہو اور ان لوگوں میں سے کسی بد عمل اور ناشکرے کا کہنا مانو۔ اور صبح و شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو۔ اور رات کو بڑی رات تک سجدے کرو اور اس کی پاکی بیان کرتے رہو۔ یہ لوگ دنیا کو دوست رکھتے ہیں اور (قیامت کے) بھاری دن کو پس پشت چھوڑے دیتے ہیں۔ ہم نے ان کو پیدا کیا اور ان کے مقابل کو مضبوط بنایا۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے ان ہی کی طرح اور لوگ لے آئیں۔ یہ تو نصیحت ہے۔ جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے کا رستہ اختیار کرے۔ اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر جو خدا کو منظور

ہو۔ بے شک خدا جاننے والا حکمت والا ہے۔ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور ظالموں کیلئے اس نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ رَبِّ اشْرَحْ لِی صَدْرِی ۙ وَیَسِّرْ لِیٓ اَمْرِی ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِی یفْقَـــهُوْا قَوْلِی
Welcome CM Sahib! CM Sahib! Welcome. Okay, today the ۔ agenda is really huge and I don’t want anybody to disturb CM Sahib because it’s really very huge otherwise we will have to sit till very late time.

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Madam Deputy Speaker: ‘Question`s Hour’: Ji, Mufti Janan Sahib, Question No. 01, absent, lapsed. Question No. 5228, Najma Shaheen Bibi!

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریہ میڈم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر پڑھیں پلیز ذرا۔

محترمہ نجمہ شاہین: کوئسچن نمبر ہے 5228۔

Madam Deputy Speaker: Ji, 5228 carry on.

* 5228 _ **محترمہ نجمہ شاہین:** کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیایہ درست ہے کہ کوہاٹ میں گورنمنٹ کمپرہنسیو ہائی سکول موجود ہے؛

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سکول ہذا میں کل کتنے طلباء زیر تعلیم ہیں، نیز طلباء کیلئے اساتذہ کی تعداد گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق ہے، طلباء اور اساتذہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم) (جواب مشیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ کوہاٹ میں گورنمنٹ کمپرہنسیو ہائی سکول موجود ہے۔

(ب) ادارہ ہذا میں 1520 طلباء زیر تعلیم ہیں، سکول ہذا میں کل 37 اساتذہ ہیں جو کہ گورنمنٹ پالیسی 01:40 کے مطابق ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: میڈم! یہاں پہ میں نے کوہاٹ کمپرہنسیو ہائی سکول موجود ہے، اس کے بارے میں 01:40 کی جو نسبت بتائی جا رہی ہے، اس کے بارے میں میں نے کوئسچن کیا ہے، یہاں پر جو انہوں نے مجھے ڈیٹیل بتائی ہے، وہ ٹھیک جا رہی ہے۔ یہ کوئسچن میرا اس دن بھی تھا، 40 :01 کی جو نسبت ہے، یہاں پر ابھی یہی جواب مجھے دیا گیا ہے کہ چالیس ہزار کی بھرتی ہو چکی ہے اور پندرہ کی ابھی اور ہو رہی ہے، استاد تو

ابھی پورے ہو رہے ہیں لیکن وہاں گراؤنڈ پہ مجھے صورتحال جو ہے نا، تو وہاں سیکشنز کی کمی ہے یا کوئی اور کمی ہے کہ کلاسز میں ابھی سو سو بچے بیٹھے ہوئے ہیں تو یہ کمی جو انہوں نے پوری کی ہے تو یہ استاد پھر کہاں پہ تعینات کئے جا رہے ہیں؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو میڈم سپیکر! اس جواب میں جو ان کا سوال تھا وہ تو آ گیا کہ ادارے میں 1520 طلباء زیر تعلیم ہیں اور کل 37 اساتذہ ہیں جو کہ گورنمنٹ پالیسی کے مطابق وہاں پہ کام چل رہا ہے باقی جو سیکشنز ہوتے ہیں، ہائر ایجوکیشن، بڑی اوپر کلاسوں میں، سیکنڈری میں وہ جو ہے سیکشن وائز ہوتے ہیں اور جہاں بھی طلباء کی تعداد زیادہ ہے تو گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے کہ وہاں مزید کمرے تعمیر کر رہے ہیں اور پچھلے چار سالوں میں بہت سے سکولوں میں جو Missing facilities تھیں یا اور رومز کی ضرورت تھی یا سٹاف کی کمی تھی تو وہ بھی ہزاروں کی تعداد میں ہم نے لوگ ریکروٹ کئے اور ابھی بھی پراسیس جو ہے، وہ جاری ہے اور ان شاء اللہ مجھے امید ہے کہ اگلے تین ساڑھے تین مہینوں کے اندر اندر ایلیمنٹری ایجوکیشن میں کوئی سکول ایسا نہیں ہوگا جس کے اندر استاد نہیں ہوگا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نجمہ بی بی!

محترمہ نجمہ شاہین: یہ استاد کی کمی تو میں کہہ رہی ہوں کہ پوری انہوں نے کر دی ہے لیکن اب جو وہاں پہ دو دو سیکشنز ہیں اور ایک ایک سیکشن میں سو سو بچے بیٹھے ہوئے ہیں تو استاد اگر پڑھائے بھی تو کلاس روم میں تو وہی بچے بیٹھے ہیں نا، تو اگر وہاں پہ کلاس رومز کی کمی ہے تو اس کو براہ مہربانی پورا کیا جائے کہ آپ کے استاد کی بھرتی جو ہے تو اس سے تو فائدہ اٹھایا جا سکے نا، استاد بھرتی ہو چکے ہیں، اس میں تعداد بھی پوری ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نجمہ بی بی! انہوں نے یہ کہا ہے As far as I understood that it is being done، پراسیس شروع ہے، ہو رہا ہے، مشتاق غنی صاحب نے یہ کہا ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: جی جی، گراؤنڈ پر بھی تو دیکھیں، چار پانچ سکولز ایسے ہیں جو گورنمنٹ ہائی سکولز ہیں اور وہاں پہ حال یہی ہے کہ وہیں سو سو، ایک سو بیس بچے بیٹھے ہوئے ہیں، تو کمی ہے کلاس رومز کی، کلاس رومز کی کمی ہے، سیکشنز کی کمی ہے، تو اس کو پورا کیا جائے تاکہ آپ کے استادوں کی بھرتی تو کام آ سکے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی صاحب! ہاں پوری تو ہو رہی ہے، آپ بتائیں نا کہ یہ پراسیس شروع۔۔۔۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: دیکھیں میڈم سپیکر! بات یہ ہے کہ آبادی میں بھی بہت زیادہ اضافہ ہو رہا ہے اور ہماری گورنمنٹ کے اندر بے شمار سکولوں کا جال بچھایا گیا ہے، صوبے کے طول و عرض میں اور شہروں کے اندر بھی ہماری کوشش ہے کہ ہم مزید سکولز کھول سکیں، جہاں پہ Rented building ہمیں Available ہو رہی ہے، چونکہ شہروں کے اندر زمینیں میسر نہیں ہو پا رہیں لیکن یہ جو بات ہماری آنریبل ممبر نے کی ہے، یہ ڈیپارٹمنٹ کے نوٹس میں ہے اور جدھر بھی کمروں کی ضرورت ہے اور وہاں Space available ہے، خواہ 'ملٹی سٹوری' بلڈنگ ضرورت ہے، ان شاءاللہ انہیں ہم ضرور کریں گے اور ہم اس تعداد کو ہر صورت کم کریں گے کلاسز کی اور سیکشنز بڑھائیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نجمہ بی بی! یہ سوال Specially آپ ڈیپارٹمنٹ سے ڈسکس کریں کہ انہیں Priority basis پہ کریں نا، یہ والا، جی نجمہ بی بی! 'نیکسٹ' کوسچن پہ جائیں 5232۔

محترمہ نجمہ شاہین: میڈم! 5232۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 5232 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اساتذہ کی بھرتی کیلئے این ٹی ایس ٹیسٹ لیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو آیا ٹی ٹی اور اے ٹی اساتذہ کیلئے ان مضامین میں امتحان لیا جاتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، مطلوبہ قابلیت کے مطابق ٹی ٹی اور اے ٹی اساتذہ سے امتحان/ٹیسٹ لیا جاتا ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: میڈم! اس کوسچن سے میں مطمئن ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مطمئن ہیں، Good, okay. Before I go to the next Question یہاں پہ ہمارے کچھ مہمان ہیں تو On behalf of the Government of KP and Assembly Staff and my own behalf, I welcome the distinguished delegation from Oxford University، آکسفورڈ یونیورسٹی سے آئے ہیں۔

(تالیاں)

Madam Deputy Speaker: Ji, next Question, Najma Bibi!

محترمہ نجمہ شاہین: سوال نمبر 5233۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 5233 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کوہاٹ میں پرائمری سکولز موجود ہیں؛

(ب) اگر(الف) کاجواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہاٹ میں قائم پرائمری سکولز کی تفصیل بمعہ مقام فراہم کی جائے، نیزان سکولوں میں فنکشنل اور نان فنکشنل سکولوں کی تعداد الگ الگ فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف(وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم) (الف) جی ہاں۔

(الف) ضلع کوہاٹ میں قائم پرائمری سکولوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی، نیز تمام پرائمری سکول فنکشنل ہیں اور کوئی بھی سکول نان فنکشنل نہیں ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: اس سے بھی میں مطمئن ہوں۔

Madam Deputy Speaker: Good. Okay next one.

محترمہ نجمہ شاہین: یہ کوئسچن ہے 5234۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

* 5234 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گورنمنٹ کمپرہنسیو ہائی سکول میں امتحانی ہال موجود ہے؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو نویں اور دسویں جماعت کے طلباء کو امتحان میں کہاں بٹھایا جاتاہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف(وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم) (جواب مشیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا): (الف)جی نہیں۔

(ب) امتحان کے دوران نہم اور دہم کے طلباء کو کلاس رومز میں بٹھایا جاتاہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: میڈم! یہ کوہاٹ میں گورنمنٹ کمپرہنسیو سکول ہے جو کہ بہت ہی پرانا ادارہ ہے، اس میں ابھی میں نے کلاس روم کے بارے میں پوچھا کہ وہاں پہ کوئی امتحانی ہال موجود ہے کہ نہیں؟ تو یہاں

انہوں Clear cut جواب دیا ہے کہ نہیں ہے، بچوں کو کلاس رومز میں بٹھایا جارہا ہے تو پوچھنا یہ ہے کہ یہ کیسی تعلیمی ایمر جنسی ہے کہ اس کے باوجود جو ہے ایک بہت ہی اچھا ٹاپ سکول ہے اور اس کا یہ حال ہے، تو اس کمی کو کب پورا کیا جائے گا کیونکہ بہت سے طالب العلم جو ہیں تو اس میں کافی Suffer ہوتے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم! اس سکول میں جو RITE فیمیل کی بلڈنگ تھی، اس میں وہاں پہ کالج قائم کر دیا تھا اور ان کو اسی سکول کے کچھ پورشن میں شفٹ کیا گیا تھا، یہ ہال بھی انہی کے پاس ہے اور آج بھی ڈیپارٹمنٹ سے بات ہوئی، یہ ہال ہم ان سے واپس لے لیں گے تاکہ جس مسئلے کی طرف آنریبل ممبر نے نشاندہی کی ہے، اس کے اندر یہ مسئلہ Sort out ہو جائے گا ان شاءاللہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نجمہ بی بی!

محترمہ نجمہ شاہین: اس کو فی الفور Solve کرنے کی کوشش کریں کیونکہ چار سال سے تو یہ مجھے کوُسچن ملتا جارہا ہے اور گراؤنڈ پہ صورتحال ویسے کی ویسے ہی ہے۔ ابھی آپ نے کہا ہے کہ اس کو حل کرنے کی کوشش، تو ابھی آپ رولنگ دیں کہ اس کو حل کرنے کی ابھی فوری طور پر کریں کیونکہ پچھلے اس میں بھی آپ نے گورنمنٹ سکولوں کا ریزلٹ دیکھا، نویں دسویں کا کیا ریزلٹ آیا؟ تو آخر ایسے مسائل ہوتے ہیں تو بچے Suffer ہوتے ہیں، چاہے آپ بہت بھی ایمرجنسی نافذ کر لیں۔

جناب ضیاءاللہ خان بنگش: میڈم!

Madam Deputy Speaker: Ziaullah Bangash! You want to say something?

جناب ضیاءاللہ خان بنگش: جی میڈم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ضیاءاللہ بنگش!

جناب ضیاءاللہ خان بنگش: اچھا میڈم! یہ گورنمنٹ کمپرہنسیو سکول کے حوالے سے جو میڈم نے سوال کیا ہے، اس کی میں Updates بتا دوں کہ اس سے پہلے والا جو سوال تھا، اس میں یہ ہے کہ منسٹر عاطف خان صاحب کوہاٹ آرہے ہیں اور سکول سیکنڈ شفٹنگ جو حکومت نے پروگرام سٹارٹ کیا ہوا ہے جہاں سکولوں میں Burden تھا، اس میں سکول سیکنڈ شفٹنگ سٹارٹ ہو رہی ہے اور کل عاطف خان صاحب کوہاٹ میں

افتتاح کر رہے ہیں اور اسی گورنمنٹ کمپرہنسیو سکول میں آرہے ہیں۔ دوسرا گورنمنٹ کمپرہنسیو سکول کو ہائی سے اپ گریڈ کر کے ہائر سیکنڈری کر دیا گیا ہے، تو اس میں جتنے ہالز اور جتنی سہولیات تھیں، وہ Already upgrade کر کے ابھی ہائر سیکنڈری کو۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Ziaullah Bangash! I will request کہ آپ نجمہ بی بی کو Invite کریں وہاں کل۔

جناب ضیاءاللہ بنگش: ابھی سے Invite ہے، کل بارہ بجے آجائیں۔

Madam Deputy Speaker: Okay, thank you, you are invited. Next Question, 5241, Jafar Shah Sahib!

جناب جعفر شاہ: تھینک یو میڈم سپیکر! یہ سوال نمبر 5241 ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: 5241، ذرا ہیلپ کریں ان کی۔

* 5241 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم میرٹ کی بنیاد پر School based تعلیم کے تحت اساتذہ کی بھرتیاں کرتا ہے اور درخواست کی وصولی کے وقت امیدواروں سے ان کی مرضی کے سکولوں کی تفصیل لی جاتی ہے اور پھر سلیکشن کے بعد ان کی تقرری من پسند سکولوں میں کی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 17-2016 کے دوران ضلع سوات کے زنانہ سکولوں میں بھرتیوں کی تفصیل فراہم کی جائے کہ کن اساتذہ نے کونسے سکول میں تقرری کیلئے آپشن دی تھی، نیز کتنے اساتذہ کی اس فارمولے کے تحت پوسٹنگ کی گئی ہے، ہر امیدوار کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم) (جواب مشیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا): جی ہاں، محکمہ تعلیم میرٹ کی بنیاد پر School based اساتذہ کی بھرتیاں کرتا ہے اور درخواست کی وصولی کے وقت امیدواروں سے ان کی مرضی کے پانچ سکولوں کی تفصیل لی جاتی ہے۔

(ب) 17-2016 کے دوران ضلع سوات کے زنانہ سکولوں میں بھرتیوں کی تفصیل بمعہ سکول وائز ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب جعفر شاہ: جی میڈم! یہ میں نے کوئسچن کیا تھا کہ جو School based system ہے ٹیچرز کا، تو اس میں انہوں نے لکھا، انہوں نے تفصیل بھی دی ہے لیکن مجھے کافی شکایات مل رہی ہیں کہ بسااوقات اس طرح ہوتا ہے کہ جن اساتذہ نے آپشن دی ہوتی ہے تو ان کو وہاں پہ پھر پوسٹنگ میں مشکل ہوتی ہے، تو I would like the Minister Sahib, to truly implement this strategy کہ اچھے طریقے سے اس کو Implement کریں کیونکہ ایسی شکایات ہمیں نہ ملیں کیونکہ مئی میں مجھے شکایت ملی تھی، یہ بہت پرانا کوئسچن ہے، اس میں میں مثال بھی دے دوں گا کہ منگلور میں اس طرح کا ایک واقعہ ہوا تھا پھر میرے حلقے میں بھی ہوا تھا، میرے خیال میں It should be truly implement۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم! یہ جو School based policy ہے، اس پہ سختی کے ساتھ عمل ہو رہا ہے اور جو Five options لی جاتی ہیں ٹیچرز سے، اس سے ادھر ادھر کوئی بھی اپوائنٹمنٹ نہیں ہوتی۔ اگر جعفر شاہ صاحب کے پاس کوئی کمپلینٹ ہے تو وہ اس کے بعد ہمارے ساتھ شیئر کر لیں، ڈیپارٹمنٹ کے لوگ یہاں پہ موجود ہیں لیکن میری جو معلومات ہیں، یہ ٹوٹلی ٹرانسپرنٹ سسٹم ہے اور اس میں کوئی سفارش نہیں ہے اور جو پانچ آپشنز دیتا ہے کوئی بھی ٹیچر، اس کو انہی پانچ سکولوں کے اندر تعینات کیا جاتا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب! کہ خه کمپلینٹس وی نو You can hand over to him کنه۔ جی جعفر شاہ صاحب!

Mr. Jafar Shah: Thank you. I will send it to Minister Sahib.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نیکسٹ کوئسچن پہ جائیں جی۔

جناب جعفر شاہ: دوسرا بھی میرا ہے جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نیکسٹ کوئسچن آپ کا ہے، 5249۔

جناب جعفر شاہ: میرا 5242۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہاں تو 5249 میرے پاس لکھا ہے۔

Mr.Jafar Shah: 5242 is prior to 5249.

Madam Deputy Speaker: Okay, you carry on,. I am listing.

Mr. Jafar Shah: 5242, Madam Speaker!
Madam Deputy Speaker: Yes, carry on.

* 5242 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مدین کے مقام پر بوائز ہائر سیکنڈری سکول قائم ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکول میں سائنس کے مضامین پڑھائے جاتے ہیں یا نہیں، اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں، نیز آئندہ کیلئے کیا لائحہ عمل ترتیب دیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ سکول میں سائنس مضامین پڑھائے جاتے ہیں، تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب جعفر شاہ: ہاں، یہ بہت پہلے میں نے کیا تھا، ابھی وہاں پہ کلاسز شروع ہوئے ہیں تو It`s okay۔

Madam Deputy Speaker: Okay, you took it back, thank you. Next Question, Ji, again-----

(Interruption)

Madam Deputy Speaker: Yes Najma Bibi! Read out your Question, please.

محترمہ نجمہ شاہین: یہ کوئسچن نمبر 5243۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ نجمہ شاہین: یہ کوئسچن میں نے 14-2013 میں دیا تھا اور اس وقت کے مطابق شاید انہوں نے مجھے جواب دیا ہے۔ اب بھی موجودہ صورتحال کی Updates مجھے نہیں معلوم، اسلئے فی الحال اس کو میں پینڈنگ کرواتی ہوں، آپ پینڈنگ کر دیں اس کو۔

Madam Deputy Speaker: Pending, okay this Question is kept pending. Okay, next one, Jafar Shah Sahib, 5252.

جناب جعفر شاہ: کونسا نمبر ہے میڈم؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: 5252 ذرا پلیز نیٹ والے ہیلپ کریں۔

* 5252 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر توانائی وبرقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے کے موزوں مقامات پر چھوٹے بجلی گھر بناتا ہے؛

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سوات کے نہایت موزوں ترین اور بجلی کی سہولت سے محروم علاقوں PK-85 میں سوات، کالام، بحرین، مدین اور میاندم میں اب تک کتنے منصوبے شروع کئے گئے ہیں اور ان کی موجودہ حالت کیا ہے، نیز مذکورہ منصوبوں کی نشاندہی میں متعلقہ ایم پی اے کا کوئی کردار ہوتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر توانائی و برقیات) (جواب مشیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) سوالات، کالام، بحرین، مدین اور میاندم میں کل 20 Mini Micro منصوبوں پر کام ہو رہا ہے جن میں سے 13 منصوبوں کا تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ سات منصوبے زیر تعمیر ہیں۔ ان منصوبوں کی نشاندہی سال 2014 میں انرجی اینڈ پاور ڈیپارٹمنٹ نے کی تھی اور متعلقہ ایم پی اے سے مشورہ کیا گیا تھا۔

جناب جعفر شاہ: اوکے، تھینک یو میڈم سپیکر! اس میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم متعلقہ ایم پی ایز سے مشاورت کر کے یہ چھوٹے پن بجلی گھر لگا رہے ہیں، انہوں نے جواب دیا ہے، مجھ سے چار سال میں کسی نے بھی رابطہ نہیں کیا تو I protest on the floor of the Assembly کہ کس طرح یہ یہاں پہ اس طرح کی غلط بیانی کرتے ہیں کہ ہم نے متعلقہ ایم پی اے کی مشاورت سے یہ چھوٹے پن بجلی گھر بنائے ہیں، مجھے ایک بتائیں کہ مجھ سے مشورہ کسی نے کیا ہو؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم سپیکر! ڈیپارٹمنٹ سے میری آج ہی اس سلسلے میں بات چیت ہوئی ہے اور انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ کالام، بحرین، مدین اور میاندم میں کل 20 Mini Micro منصوبوں پر کام ہو رہا ہے جن میں سے 13 منصوبوں کی تعمیراتی کام مکمل کر چکے ہیں جبکہ سات زیر تعمیر ہیں اور ان کی نشاندہی میں متعلقہ ایم پی اے کو 'کنسلٹ' کیا گیا ہے اور ایم پی اے کی مشاورت سے یہ منصوبے جو ہیں یہ پایہ تکمیل کو پہنچے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی جعفر شاہ!

جناب جعفر شاہ: جی، میں چیلنج کرتا ہوں، میرے ساتھ مشاورت نہیں ہوئی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کوئی اور ایم پی اے وہاں تو نہیں ہے کہ جس سے مشاورت ہوئی ہے؟

جناب جعفر شاہ: اس حلقے کا ایم پی اے تو میں ہوں۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: متعلقہ ایم پی اے تو یہی ہیں بہر کیف میں اس کے بعد، وہ سٹاف موجود ہے، ابھی آپ کے ساتھ بٹھا لیتے ہیں اور آپ کی مشاورت وہ تو کہتے ہیں کہ ہے، اگر نہیں ہے تو اب بھی شامل کی جا سکتی ہے۔

جناب جعفر شاہ: ابھی تو تین مہینے رہ گئے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: خیر ہے ایک مہینہ بھی بہت ہوتا ہے کام کرنے کیلئے، It`s all right, you want۔

جناب جعفر شاہ: ابھی بلانے کا وقت نہیں ہے نا۔

جناب محمد رشاد خان: میڈم!

Madam Deputy Speaker: You want supplementary-----

جناب جعفر شاہ: لیکن یہ کیوں یہاں پہ غلط بیانی کی گئی ہے That's my question؟

Madam Deputy Speaker: Reshad Khan! You want supplementary

لیکن پلیز اس سے Related پوچھیں گے، اچھا۔

جناب محمد رشاد خان: میرا سپلیمنٹری کوسچن ہے میڈم! جس طرح یہ Answer میں بتا رہے ہیں کہ متعلقہ ایم پی اے سے مشورہ کیا گیا تھا، تو میرے حلقے میں بھی دو بن رہے ہیں، دو ہائیڈرو پاور پراجیکٹس ہیں، کروڑہ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ تکمیل کے مراحل میں ہے، دوسرا غوربند، اس پہ بھی کام شروع ہے، تو وہاں پہ لوگوں کے مسائل ہیں، زمین کے مسائل ہیں، روزگار کے مسائل ہیں، وہاں پہ ہم Agreement کرتے ہیں، ہمارے علم میں نہیں آتا میڈم! نہ ہم سے پوچھا جاتا ہے، بعد میں جب مسئلے آتے ہیں تو پھر ہم جاتے ہیں اور وہ حل کرنے کیلئے، تو وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس بھی ہم ایک ٹائم پہ Delegation لے کے آئے تھے اس سلسلے میں کہ وہاں پہ لوگوں کی ڈیمانڈز ہیں، زمین کے ریٹس کے مسئلے ہیں-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق غنی صاحب! آپ یہ کریں کہ پلیز-----

جناب محمد رشاد خان: میڈم! میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ-----

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Let him explain، مجھے سمجھ آگئی ہے نا کہ In future please آپ ذرا ایم پی ایز جو ہیں ان کو۔۔۔۔۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، سی ایم صاحب!

جناب وزیر اعلیٰ: میڈم سپیکر صاحبہ! بات یہ ہے کہ یہ ایم پی ایز کے کہنے پر نہیں ہیں، پاور پراجیکٹس آتے ہیں، Feasibilities بنتی ہیں، Site ڈھونڈا جاتا ہے، اگر کسی ایم پی اے کے پاس کوئی Site ہے، وہ دے دیں، وہ محکمہ اس کی Feasibility کرے گا، اس طرح نہیں ہوتا کہ آپ کہیں کہ یہ کر دو اور وہ، یہ پورا ایک سسٹم ہے، Feasibility بنتی ہے، پورا اس کا سرچ ہوتا ہے، اس کے بعد اس کو Approve کیا جاتا ہے۔ اگر کسی کے پاس کوئی ایسا Site ہے، آپ Site دے دیا کریں، اس کی Feasibility ٹھیک ہوگی، Feasible ہوگا تو اس پہ کام چلے گا۔ اس طرح نہیں ہے کہ وہ ہر Site آپ سے ہی پوچھے کیونکہ نہ ہم انجینئرز ہیں اور میری طرف کوئی بن رہا ہو تو میں کوئی انجینئر تو نہیں ہوں کہ میں کہوں گا کہ یہ ٹھیک ہے، یہ غلط ہے؟ تو یہ ایک سسٹم ہے اور سسٹم کو نہ Spoil کریں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ! نیکسٹ کوسچن پہ۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو چیف منسٹر صاحب! لیکن یہ ہے کہ ایک تو ہم غلط جگہ کی ان شاءاللہ نشاندہی نہیں کریں گے، انہوں نے غلط بیانی کیوں کی ہے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: وہ تو مشتاق غنی صاحب۔۔۔۔۔

جناب وزیر اعلیٰ: (قہقہہ) انہوں نے غلط بیان کی ہے، اس طرح نہیں ہوتا، آپ سب کو میں پھر Invite کرتا ہوں جہاں پر آپ سمجھتے ہیں کوئی سال ہائیڈل پراجیکٹ کا کوئی Site ہے جو Miss ہو گیا ہو محکمہ سے، پہلے بھی میں Already directives دے چکا ہوں، آپ Site دیں، جو Feasible ہوگا تو ہم سب کو Add کریں گے کیونکہ چھ سو چھوٹے سال ہائیڈل بن رہے ہیں اور بڑے بھی اگر کوئی ایسے Sites ہیں جن کو آپ سمجھتے ہیں کہ سروے کیا جائے تو ہم تیار ہیں اس کے سروے کرنے کیلئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نیکسٹ کوسچن، جعفر شاہ صاحب! آپ کا نیکسٹ کوسچن، جائیں جی۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب! بس کلیئر ہو گیا نا؟

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں، ایک پوائنٹ ضروری ہے کہ چونکہ یہ جواب ڈیپارٹمنٹ نے دیا ہے اور انہوں نے اس میں لکھا ہے کہ متعلقہ ایم پی اے کے مشورے سے، تو ہم اس کی انکوائری کریں گے اور پھر میں نے ڈیپارٹمنٹ پہ آج یہ کوسچن کیا، جو لوگ میرے پاس آئے تھے تو میں نے کہا اور انہوں نے مجھے یہی جواب دیا کہ ایم پی اے کی، اور میں نے جعفر شاہ صاحب کا خصوصی پوچھا، میں نے کہا کہ یہ آپ نے ایم پی اے لکھا ہے تو وہاں جعفر شاہ صاحب سے آپ نے پوچھا ہے کہ مشورہ ہوا ہے آپ کا؟ انہوں نے کہا کہ جی بالکل ہوا ہے، تو بات وہی ہے سی ایم صاحب والی کہ یہ Infact feasibility کے اوپر Depend کرتا ہے کہ ایک جگہ Feasible ہے تو تب وہاں پہ یہ منی مائیکرو ہائیڈل پاور پراجیکٹس بنتے ہیں، تو اس پہ ہم انکوائری کریں گے ڈیپارٹمنٹ سے۔

(عصر کی اذان)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب! نیکسٹ کوسچن۔

جناب جعفر شاہ: اس طرح ہے میڈم سپیکر! جو پچھلا والا کوسچن تھا، قطعاً نہیں پوچھا گیا مجھ سے، میں فلور پہ کہتا ہوں اور اس کی انکوائری بھی ہونی چاہیئے اور یہ میں اس میں بھی بیٹھتا ہوں ان کے ساتھ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بالکل You are right۔

جناب جعفر شاہ: نلوٹھا صاحب کا بھی کوسچن ہے اس میں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: وہ نلوٹھا صاحب کا کوسچن بعد میں ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم سپیکر! منسٹر صاحب نے کہا ہے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اسی پہ ضمنی ہے، Related to this one؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی، آنریبل منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ اس کیلئے ہم انکوائری کریں گے تو یہ سپیکر صاحبہ! اس کی کون ایشورنس دیتا ہے، یہ کدھر انکوائری کرے گا منسٹر صاحب؟ میرے حلقے میں کالج ایک بنا ہے، ایم پی اے کو تو یقین کریں کہ اس حکومت نے کھلونا بنا دیا ہے، میرے حلقے میں کالج انہوں نے دیا ہے،

اس کی Identification مجھ سے نہیں کروائی گئی ہے اور جو سکیمیں ابھی بھی PK-47 میں میرے حلقے میں دی گئی ہیں، آپ یقین کریں کہ ایک بندہ ایسا Identification کر رہا ہے، اخبار میں اس کا نام آیا ہے، اس کا نام آیا ہے اور۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ہاں بالکل۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میری بات مکمل ہو جائے پھر آپ کریں، ضرور بات آپ کریں، میرے حلقے میں جو فنڈ دیا گیا ہے، وہ ایک ایسا بندہ Identify کر رہا ہے ان سکیموں کو کہ جس کا تعلق ہی نہیں ہے سیاست سے، تو سپیکر صاحبہ! میں نہیں سمجھتا کہ چیف منسٹر صاحب بھی یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، مشتاق غنی صاحب جو ایشورنس دیں گے، اس کے اوپر کوئی عملدرآمد نہیں کریں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب! By all means آپ کا وہ ہے لیکن یہ Not related to this one، مشتاق غنی صاحب یہ کہہ رہے ہیں۔ جی جعفر شاہ صاحب! نیکسٹ کوسچن 5265۔

* 5265 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بحرین کے مقام پر درال خوڑ کے اوپر بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ درال خوڑ پاور پراجیکٹ پر کام جاری ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 12-2011 میں مذکورہ پراجیکٹ کے آغاز کے وقت محکمہ نے ای پی اے کے ساتھ ملکر ماحولیات فیزیبلٹی تیار کی تھی اور یہ سفارش کی تھی کہ پراجیکٹ کی تعمیر کے دوران اور بعد از تعمیر ماحول کو آلودگی سے محفوظ، جنگلات، پانی اور پورے حیاتیاتی نظام کو متوازن رکھنے کی مکمل پاسداری کی جائے گی؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم) (جواب مشیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) درال خوڑ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (36.6 میگاواٹ) کو ماحولیاتی سٹڈی، منصوبے کی فیزیبلٹی سٹڈی کے دوران ہی بین الاقوامی ماہرین ماحولیات نے تیار کی تھی۔ منصوبے پر تعمیراتی کام مذکورہ سال میں شروع کرنے سے پہلے ای پی اے نے اس سٹڈی کی منظوری دی ہے، ماحولیاتی سٹڈی میں ان تمام ماحولیاتی امور کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

جناب جعفر شاہ: اچھا میڈم! یہ کوئسچن اسی میں تو میں یہ کہوں گا کہ اس طرح ڈیپارٹمنٹ بھی نہ کرے اور حکومت بھی نہ کرے، متعلقہ ایم پی اے کو Confidence میں لیکر اس طرح کی چیزیں کریں کیونکہ ہم بھی عوامی نمائندے ہیں اور یہاں پر ففٹی پرسنٹ اپوزیشن ہے، تو یہ اچھی بات نہیں ہے۔ یہ میں نے ماحولیات کے حوالے سے پوچھا تھا اسی پراجیکٹ میں اور مجھے شکایت ملی تھی کہ اسی دریا، درال ریور جو ہے وہاں پہ بہت ساری بلکہ تقریباً 90 پرسنٹ مچھلیاں Last summer میں مر گئی تھیں اور اس کا مقامی لوگ یہی بتا رہے تھے کہ Because of the chemical being thrown into the river اس وجہ سے یہ مچھلیاں مر رہی ہیں، تو اسی وقت میں نے یہ کوئسچن بہت پہلے کیا تھا، ابھی آیا۔ ابھی تو نہیں مر رہی ہیں لیکن They should take care of the environmental degradation while conducting such like projects.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Very important لیکن آپ نے خود کہا ہے کہ ابھی نہیں مر رہی ہیں مچھلیاں تو اب تو نہیں مر رہی ہیں نا۔ Let's go to the next Question

جناب جعفر شاہ: جتنی تھیں، وہ مر گئیں ابھی باقی بچی نہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مر گئیں، مشتاق غنی صاحب!

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ جس کی بات کر رہے ہیں، اصل میں وہاں پہ یہ Run of the river کے اوپر یہ پراجیکٹ ہے اور اس میں وہ کوئی نہ Chemical use ہو رہا ہے نہ اور کچھ ہو رہا ہے صرف ٹنل ایک بنی ہے، اس کا بھی جو میٹریل تھا اس کی کرشنگ کر کے اور اس کو استعمال کر لیا، اسی کے اندر تو یہاں پہ یہ ہے، اصل بات یہ ہے کہ کچھ این جی اوز ہیں اس علاقے میں جو کہ اس کے پیچھے ہاتھ ہے، وہاں پہ ٹمبر مافیا کا تو وہ اس منصوبے کو Linger on کرنا چاہتے ہیں چونکہ اب وہاں پہ Law Enforcing Agencies کی پوسٹ بن چکی ہے اور ان کے وہ تمام راستے بند ہو چکے ہیں تو وہ این جی اوز کو اسلئے استعمال کر رہے ہیں کہ یہ Pollution ہوتی ہے اور Environmental hazard ہے جبکہ ہمارے پاس Environmental Agency کا سرٹیفیکیٹ موجود ہے، انہوں نے اس کو بالکل Feasible قرار دیا اور کوئی اس سے Pollution پیدا نہیں ہوتی جس سے کہ آبی جانوروں کے مرنے کا کوئی خطرہ ہو۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: میڈم سپیکر! اس میں میری گزارش ہو گی کہ اس میں ایک کمیٹی بنائی جائے I will be part of that committee, we will visit that site، اگر نہیں ہے تو ہم Appreciate کریں گے اور اگر ہے تو Government should take action۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی مشتاق صاحب! کمیٹی بنائیں؟

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: ضرورت ہی نہیں ہے، جب ہوا ہی نہیں کوئی واقعہ وہاں پہ اور یہ ایک Feasible project ہے اور EPA نے اس کو Endorse کیا ہوا ہے تو میرے خیال میں اس میں کمیٹی بنانے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ایک چائنیز پراجیکٹ ہے اور یہ کمیٹیاں بنانے سے اور اس سے ویسے ہی یہ چیزیں بجلی کا یہ ایک بڑا منصوبہ ہے جس میں کوئی رکاوٹ آجائے گی بلکہ اس سلسلے میں کورٹ میں بھی کوئی کیس گیا تھا اور وہاں بھی ہائی کورٹ نے وہ فیصلہ دیا تھا کہ بھئی کوئی ایسی چیز نہیں ہے، تو میرے خیال میں ہمارے آنریبل ممبر جو ہیں، ان کو ابھی ہم تھوڑی دیر بعد وہ محکمے کے لوگ بیٹھے ہیں یہیں Satisfy کر دیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ بھی کریں گے اور یہ ہائی کورٹ کا فیصلہ بھی دکھا دیں، جعفر شاہ صاحب! ہائی کورٹ۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: میڈم سپیکر! ہائی کورٹ کا فیصلہ بہت شروع میں ہوا تھا مجھے یاد ہے This is because of the present flow of chemical into Daral river، اگر درال ریور میں اب بھی یہ کیمیکلز جا رہے ہیں تو یہ نہ صرف مچھلیوں کیلئے بلکہ پوری آبادی کیلئے خطرناک ہے، I am very sincerely raising this point on the floor of the House اور میری یہ گزارش ہو گی اور میں اس پہ بہت سختی سے کاربند ہوں کہ اس میں کمیٹی بنائی جائے اور وہاں پہ جا کر وزٹ کر لیں، مشتاق صاحب اس کو انا کا مسئلہ نہ بنائیں۔

Madam Deputy Speaker: Mushtaq Sahib! Just send your Secretary or somebody.

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! اس پہ ایسی کوئی بات نہیں ہے لیکن اصل بات یہ ہے کہ ایک چیز Mostly وہاں پہ چل رہی ہے اور ڈیپارٹمنٹ سے اس بارے میں Detailed discussion ہو چکی ہے اور جو Environmental Protection Agency ہے، وہی اس چیز کو دیکھتی ہے اور انہوں نے اس کا

این او سی دیا ہوا ہے اور اس میں کوئی کیمیکلز بھی Use نہیں ہو رہے اور ساری ڈیٹیلز میں نے ہاؤس کے سامنے رکھ دی ہیں، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کمیٹی بنانے کا کوئی جواز نہیں بنتا، اس میں اگر کوئی ایسی چیز ہو تو ہم خود اس کو روکیں، ہم کوئی کیا مچھلیوں کے دشمن ہیں کہ ہم ایسے پراجیکٹس کریں گے کہ آبی حیات کو نقصان پہنچے؟ تو اسی لئے EPA سے پہلے این او سی لیا گیا اور اس کے بعد یہ منصوبہ وہاں پہ شروع کیا گیا اور یہ Foreigners وہاں پہ کام کر رہے ہیں اور اس میں ایسی کوئی بات نہیں ہے، میں نہیں سمجھتا کہ کسی کمیٹی کی ضرورت ہے وہاں پر۔

جناب جعفر شاہ: I don't know کہ کیوں مشتاق غنی صاحب ماحولیات کے اتنے بڑے دشمن بن گئے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں، نہیں۔

جناب جعفر شاہ: کیوں نہیں کرتے۔۔۔۔۔

(قہقہے)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں، وہ آپ کو کہہ رہے ہیں کہ Environmental committee, plus the Court, plus you know everybody has given a clear ticket. NOC I think, نا، تو everything is there and the foreigners are working there you will agree to that on department. Next Question, ji, Mufti Janan Sahib, Question No. 5268.

مفتی سید جانان: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ میڈم! میری تو درخواست ہے کہ میرے خیال میں منسٹر صاحب تو ہیں نہیں، اگر اس کو دوسرے دن لیا جائے تو بہتر ہو گا، مجھے کون جواب دے گا؟ میرے خیال میں اتنا۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی تو Prepared ہو کر آئے ہیں لیکن اگر آپ ان کے جواب سے Satisfied نہ ہو جائیں، He is prepared، وہ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھے ہیں، انہوں نے Prepare کیا ہے، پھر بھی اگر آپ Satisfied نہیں ہیں تو ڈیفر کر لیں گے، ٹھیک ہے؟

مفتی سید جانان: تو مجھے جو جواب ملا ہے، میرے خیال میں اس جواب میں اس کا جو بنیادی مقصد تھا، وہ یہی تھا کہ کچھ اضلاع ایسے ہیں کہ اس میں بہت ضرورت ہے اور کچھ اضلاع ہیں کہ ان میں اس کی بنسبت ضرورت

کم ہے لیکن یہ کمرے جو تقسیم کئے گئے ہیں، مجھے جو تفصیل دی گئی ہے کہ یہ طلباءاور طالبات کی تعداد دیکھ کر ہم نے دیئے ہیں، میرے خیال میں ایسا نہیں ہے، یہ جو جواب دیا گیا ہے، اس میں جو تفصیل ہے، میرے خیال میں کچھ اضلاع کو بہت زیادہ دیا گیا ہے اور کچھ اضلاع ایسے ہیں کہ بالکل ان کو نہ ہونے کے برابر دیا گیا ہے، تو میں جواب سے مطمئن نہیں ہوں، گزارش ہو گی کہ اگر یہ کمیٹی میں جائے تو اس پہ تفصیلی بحث ہو جائے گی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے اوکے۔ نا، اس کو اس طرح کر لیتے ہیں مفتی جانان صاحب! ڈیفر کر لیتے ہیں، جب منسٹر آ جائیں گے ایجوکیشن منسٹر تو پھر ڈسکس کر لیں گے، جیسے پہلے آپ نے کہا۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: ٹھیک ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو، یہ کوئسچن ڈیفر ہو گیا ہے نیکسٹ اس کیلئے، نیکسٹ کوئسچن، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب! کوئسچن نمبر آپ کا ہے 5269۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحبہ! چونکہ Concerned Minister نہیں ہیں، عاطف خان صاحب، تو میرا یہ کوئسچن پینڈنگ کر لیں جب وہ آ جائے تو مجھے جواب دے دے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تو ڈیفر کر دیں؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، یہ دو کوئسچنز پینڈنگ ہو گئے عاطف خان والے دو، In spite of repeated reminders, not once, twice، سپیکر صاحب سے، میری طرف سے ہائر ایجوکیشن کے کوئسچنز کے جوابات نہیں آئے ہیں، مشتاق غنی صاحب! آپ نے اپنے ڈیپارٹمنٹ کو Tight کرنا ہے کہ کیا کرنا ہے کیونکہ شیڈول میں ہیں۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میرے پاس تو جوابات ہیں جی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ کے پاس جوابات ہیں، یہ ابھی آپ کو دیئے ہوں گے انہوں نے، چلیں کوئسچن کرتے ہیں۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: اسمبلی کو موصول نہیں ہوئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اسمبلی کو موصول نہیں ہوئے، Anyway let me if they are satisfied-----

سرداراورنگزیب نلوٹھا: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی نلوٹھا صاحب! آپ کا توڈیفر ہو گیا، ثوبیہ شاہد ہیں؟ I am asking for Sobia Shahid, please.

محترمہ آمنہ سردار: ان کے کوئسچن پہ سپلیمنٹری ہو سکتا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نہیں ہو سکتا، جب پرائمری مؤور نہیں آئے I can't go on۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم! کوئسچنز تو آگئے ہیں، کوئسچنز ہاؤس کی امانت ہے اور کوئسچنز پہ ہم بحث بھی کر سکتے ہیں اور ضمنی کوئسچنز بھی اٹھا سکتے ہیں، افسوس کی بات یہ ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے کوئسچن کا Answer وصول ابھی تک نہیں ہوا، ہمیں بڑی حیرانگی ہوئی کیونکہ اس پہ میرا ضمنی کوئسچن تھا۔

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: اس میں تھا، 26 تاریخ کو ہائرایجوکیشن کا دن تھا، آج ہمارا Day نہیں تھا اور جب مجھے اسمبلی سے پتہ چلا کہ آج میرے کوئسچنز ہیں تو پھر میں نے ڈیپارٹمنٹ سے بات کی، جو میرے پاس فائل ہے، اس پہ بھی انہوں نے 26 لکھا ہوا ہے، آج کی Date نہیں تھی لیکن میں سوالوں کے جوابات لے کے آگیا ہوں اور-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: میں کہتی ہوں کہ Because the Questions-----

محترمہ آمنہ سردار: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آمنہ بی بی! اس طرح کرتے ہیں کہ Because ثوبیہ ابھی نہیں ہے تو اس کو پینڈنگ کر لیتے ہیں، نیکسٹ میں پوچھیں گے یہ والے کوئسچنز ہائرایجوکیشن کے، اور آپ نے ڈیپارٹمنٹ سے بات کرنی ہے کہ یہاں جوابات کیوں نہیں آئے ہیں؟

اراکین کی رخصت

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Applications for leave ہیں: جناب اعظم خان درانی؛ امتیاز شاہد؛ ضیاء الرحمان؛ سردار ظہور احمد؛ مسماۃ رقیہ حنا؛ ملک شاہ محمد خان؛ محب اللہ خان اینڈ محمود احمد بیٹنی؛

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The leave is granted)

Madam Deputy Speaker: Yes, okay. The leave is granted.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Madam Deputy Speaker: 'Call Attention Notices': Aamna Sardar Bibi!

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ میڈم سپیکر! میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ محکمہ پولیس کی طرف سے ضلع ایبٹ آباد کے پر فضاء مقام پر پولیس ہاؤسنگ کالونی قائم کی گئی ہے، جس میں ایک باقاعدہ ماسٹر پلان کے تحت کالونی میں بنیادی ضروریات کی چیزیں مثلاً سکولز، ہسپتال، مارکیٹ، چلڈرن پارک اور گرین ایریا وغیرہ کیلئے جگہ مختص کرنے کی منظوری دی گئی تھی لیکن نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑرہا ہے کہ مذکورہ کالونی میں تاحال مذکورہ سہولیات فراہم نہیں کی گئی ہیں۔اس کے علاوہ گرین ایریا کیلئے مختص زمین بھی پلاٹ بنا کر فروخت کی گئی ہے۔ چونکہ مذکورہ کالونی میں پولیس آفیسرز نے پلاٹس حاصل کرکے فروخت کئے ہیں جس کی وجہ سے پولیس افسران کی عدم دلچسپی کی وجہ سے مذکورہ کالونی ایک ماڈرن ہاؤسنگ سکیم کا خواب پورا نہ کر سکی، لہذا پولیس ہاؤسنگ کالونی ایبٹ آباد میں بنیادی سہولیات کے فقدان اور دوسرے انتظامی اور مالی معاملات کی طرف توجہ دی جائے۔

میڈم سپیکر! آپ کی اجازت سے میں تھوڑی سی وضاحت مزید کرنا چاہوں گی کہ ایبٹ آباد میں پولیس والوں کو یہ الاٹ ہوئے تھے، ایس پی سے اوپر کے رینک کے لوگوں کو یہ پلاٹس ملے ہیں اور بڑے Reasonable ملے ہیں، بہت سے لوگوں نے ان کو بیچ دیا اور حیرت کی بات یہ ہے کہ نہ وہاں کوئی سرکاری مسجد ہے، جیسا کہ ایک سرکاری ادارے اور علاقے میں ہونی چاہیئے تھی، ریگی للمہ ہے یا اور جس طرح کے علاقے ہیں، وہاں پہ مارکیٹ نہیں تھی، مارکیٹ نہیں ہے، چلڈرن پارک نہیں ہے، گرین بیلٹ نہیں ہے اور سکولز تو چلیں بڑے دور کی بات ہے کوئی ڈسپنسری اور کوئی ہاسپیٹل نہیں ہے، یعنی Basic ضروریات سے یہ خالی ہے اور میں تھوڑی سی توجہ یہ چاہوں گی میڈم سپیکر! آپ کی، کہ یہ علاقہ تھوڑا سا ایبٹ آباد کے مضافات میں آجاتا ہے، یعنی ایبٹ آباد کے سنٹر میں نہیں ہے تو یہ Basic ضروریات ہیں اور میں چاہوں گی کہ اس کو کسچن کو کمیٹی کو ریفر کیا جائے، اس کال اٹینشن کو تاکہ اس پر تفصیلی بحث وہاں ہو اور پتہ چلے کہ کیا وجوہات ہیں؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ مشتاق غنی صاحب بھی اور شاہ فرمان آپ کی اٹینشن بھی This is question، ہوم سے ہے، ہوم سے Related کوئسچن ہے۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): کونساوالا کوئسچن؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کال اٹینشن ہے۔

جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم سپیکر! یہ جو ہماری بہن نے نشاندہی کی ہے، یہ پولیس ہاؤسنگ کالونی بہت عرصے سے ایبٹ آباد میں بنی ہوئی ہے اور اس میں بڑے گھر Already وہاں پہ موجود ہیں، اب یہ دیکھنا پڑے گا کہ یہ جس زمانے میں بنی، ان چیزوں کیلئے جگہ اس میں رکھی گئی تھی یا نہیں رکھی گئی تھی، یہ ہم ڈسکس کرلیں گے، میں آنریبل ممبر کے ساتھ بیٹھ کے اور جو اس کی Facilities کی انہوں نے نشاندہی کی ہے، یہ یقیناً ہر ہاؤسنگ کالونی کے اندر ہونی چاہئیں یا پھر نئی جگہ اگر انہوں نے Identify کی ہے، تو اس میں بھی ایسی چیزیں ہونی چاہئیں اور چونکہ یہ بہت پہلے، پچھلے کسی دور میں یہ کالونی بنی تھی، میرے خیال میں بیس سال سے بھی زیادہ عرصہ ہوگا، تو اس میں یہ چیزیں اگر نہیں ہیں تو ہم دیکھ لیتے ہیں کہ وہاں پہ اگر Space available ہے تو محکمہ داخلہ سے بات کرلیں گے اور اس کو Ensure کرلیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی آمنہ بی بی!

محترمہ آمنہ سردار: بہت شکریہ میڈم سپیکر! آپ کی اجازت سے، آپ کے توسط سے میں آنریبل ممبر سے یہ گزارش کرنا چاہوں گی، یہ ان کا بھی اتنا ہی شہر ہے جتنا میرا ہے، تو میں چاہوں گی کہ چونکہ پرائیویٹ لوگ اب وہ جگہ لے رہے ہیں، انہوں نے شکایت کی ہے کہ اب پولیس وہاں پہ رہائش پذیر بھی نہیں ہے، اس میں ایک اور چیز میں آپ کو میڈم سپیکر کے توسط سے کہنا چاہوں گی، بہت سے پولیس کے لوگ ابھی ڈی آئی جی صاحب کا میں ذکر کرنا چاہوں گی، ان کے نام پہ ان کو پلاٹ الاٹ ہوگیا ہے لیکن موقع پہ وہ نہیں ہے، تو یہ جو پولیس والوں کے ساتھ بھی خود اس قسم کا وہ ہو رہا ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ اس کوئسچن کو کمیٹی میں جانا چاہیئے تاکہ اس پہ پوری بحث ہو، پتہ چلے ہمیں، پوری معلومات ملیں کہ کیا حالات ہیں وہاں پہ؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی صاحب!

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم! وہ پولیس کی کالونی ہے اور پولیس کے آفیسرز یا ان لوگوں کے نام پر ان کو پلاٹس الاٹ ہوئے ہیں، اب آگے اگر کوئی اس کو ٹرانسفر کرتا ہے یا کچھ اور، تو وہ کسی بھی ڈیپارٹمنٹ میں کیا جا سکتا ہے، اس پہ کوئی Bar نہیں ہوتا اور اب یہ آج کا واقعہ ہے نہیں، ہمارے دور کا واقعہ ہے نہیں، یہ ہمارے سے بھی کوئی دو Decade پیچھے کی یہ کالونی بنی تھی، دو تین Decade پیچھے کی ہے، تو اس ساری ڈیٹیل کو دیکھنا پڑے گا اور محکمے کے ساتھ دیکھ لیں گے، اگر اس میں کوئی چیزیں Available ہیں تو وہ ٹھیک ہے، اگر نہیں ہیں تو بس گھر تو بنے ہوئے ہیں، لوگ فرسٹ کلاس وہاں پہ رہ رہے ہیں کوئی ایسی بات تو نہیں ہے وہاں پہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی آمنہ بی بی!

محترمہ آمنہ سردار: بہت شکریہ میڈم سپیکر! مجھے بڑا افسوس ہوتا ہے کہ جب ہم ہر الزام ستر سال پہلے، پچاس سال پہلے، تیس سال پہلے پہ ڈال دیتے ہیں، افسوس کی بات ہے یہ، ہم کب یہ ذمہ داری قبول کرنا شروع کریں گے؟ ابھی آپ کا دور حکومت ہے، اس دور حکومت میں تو آپ جوابدہ ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، شاہ فرمان صاحب! شاہ فرمان۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): میڈم سپیکر! ایک تو پولیس کالونی پشاور کے اندر بھی ہے، ایک اس کی قانونی پوزیشن کہ کیا آپ پلاٹ بیچ سکتے ہیں یا نہیں اور اگر بیچ سکتے ہیں تو کتنے عرصے بعد، اگر آپ کو الاٹ ہو جائے تو آپ بیچ سکتے ہیں؟ ایک تو اس کی قانونی پوزیشن دیکھنا ہو گی کہ کسی کے پاس قانوناً کتنا اختیار ہے؟ نمبر ون، چونکہ پولیس کالونی پشاور کے اندر بھی پرائیویٹ لوگ رہتے ہیں، نمبر ون، نمبر ٹو جو Facilities ہیں، اس کے اندر جو پارکنگ ایریا ہے، اس کا بھی قانونی جائزہ لیا جائے گا۔ میڈم نے جو بات کی ہے کہ وہاں کوئی Encroachment تو نہیں ہے اور نمبر تین میں اسلئے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چونکہ پولیس آج کل بہت زیادہ Independent ہے اور پولیس کی طرف سے کوئی ایسی Complaint آئی ہی نہیں ہے، تو سب سے پہلے ہم آئی جی کے ساتھ بات کر لیں گے کہ دیکھو اگر ان کو کوئی مسئلہ ہے اس کالونی کے اندر تو آئی جی صاحب کا Opinion لیں گے، کوئی غیر قانونی کام ہوا تو اس کا نوٹس لیں گے اور اگر کہیں آپ کے ذہن میں کوئی ایسی بات ہے کہ جہاں جہاں Encroachment ہے تو ہوم ڈیپارٹمنٹ کے اندر آپ

وہ ڈیٹیل بھی بتادیں اور پوچھ لیتے ہیں، بہر حال آمنہ بی بی کا جتنا Concern تھا، پولیس والوں کو شاید پتہ چل گیا ہوگا۔۔۔۔۔

محترمہ آمنہ سردار: میڈم!

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: آپ کا پوائنٹ پہنچ گیا ہے، آپ بے فکر ہو جائیں، اگر آپ کے پاس کوئی دو چار چیزیں ایسی ہیں کہ آپ اس کو Violation سمجھتی ہیں تو ہم جان نہیں چھڑا رہے ہیں، آپ دے دیں کہ یہ Violation ہے، یہ Violation ہے، اس کے خلاف ایکشن لیا جائے گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آمنہ بی بی! پولیس والے بھی بیٹھے ہیں گیلری میں اور ایشورنس دے رہے ہیں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میڈم! آپ یہ کر دیں کہ اگر ایک سوال جو آنریبل ممبر لیکر آئی ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: سوال نہیں ہے، کال اٹینشن نوٹس ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: بہر حال کال اٹینشن ہے، اس کے اوپر آپ یہ کر سکتی ہیں کہ آپ اپنی طرف سے آئی جی کو لکھ لیں کہ یہ کال اٹینشن آیا ہے، اس کو دیکھ کر آپ اپنے Concerns ہمیں Communicate کر لیں۔

Madam Deputy Speaker: Okay, I do that.

محترمہ آمنہ سردار: میڈم! صرف ایک بات کہنا چاہوں گی، بہت شکریہ۔ میڈم! آپ نے کہا کہ آپ کو ایشورنس دلا رہے ہیں، میرا اس دن جانا ہوا ایشورنس آفس اور میں نے جا کر ان سے پوچھا کہ ہمارا باقاعدہ ایشورنس کا ایک دفتر بنا ہوا ہے یقین دہانیوں کا، کیا کبھی کوئی یقین دہانی آئی بھی ہے یا اس پر عملدرآمد بھی ہوا ہے؟ تو Unfortunately ایسا نہیں ہے، تو میں مزید یقین دہانی نہیں چاہوں گی، میں آنریبل منسٹر صاحب سے یہ کہنا چاہوں گی، میں ایبٹ آباد کی رہائشی ہوں، میرا اس علاقے میں باقاعدہ وزٹ رہتا ہے، سردار ادریس صاحب ایبٹ آباد سے تعلق رکھتے ہیں، وہ وہاں جاتے ہوں گے، مشتاق غنی صاحب کا حلقہ ہے بلکہ قلندر لودھی صاحب بھی وہاں سے ہی ہیں، تو میری گزارش ہے کہ اس کو تھوڑا سا دیکھا جائے کہ یہ واقعی ایک بہت اہم ایشو ہے، اس میں ابھی پولیس والے نہ رہ رہے ہیں، نہ ان کے پاس پلاٹس ہیں، اب یہ کالونی ایک طرح کی پرائیویٹ اگر ہوگئی ہے، وہ پولیس کے نام سے بنی تھی لیکن جب۔۔۔۔۔

Madam Deputy Speaker: Aamna Bibi! What I will do,

کہ میں اپنی طرف سے لیٹر لکھ لوں گی اور اس کا جواب۔۔۔۔۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: میڈم!

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: جی، بس آمنہ بی بی! میں لیٹر لکھ لوں گی You come to my office۔۔۔۔۔

<u>سردار محمد ادریس</u>: میڈم!

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: یہ وہ نیکسٹ پر جاتے ہیں، بہت بڑا ایجنڈا ہے، ادریس صاحب! ادریس صاحب! ایجنڈا بہت بڑا ہے۔ Malik Riaz Khan, MPA, to please move his call attention, Riaz Khan not here, lapsed.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن مجریہ 2017 کا زیر غور لایا جانا

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Item No. 08 and 09, honourable Minister for Elementary & Secondary Education, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Elementary and Secondary Education Foundation (Amendment) Bill, 2017 may be taken into consideration at once, ji Minister Sahib!

<u>جناب مشتاق احمد غنی (مشیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: میں خیبر پختونخوا، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن (امنڈمنٹ) بل 2017 کو فوری طور پر زیر غور لانے کیلئے تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Elementary and Secondary Education Foundation (Amendment) Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Madam Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore the question before the House is that Clauses 1 and 2 may stand part of Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Madam Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill, schedule and preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن مجریہ 2017 کا پاس کیا جانا

Madam Deputy Speaker: 'Passage Stage': Honourable Minister for Elementary and Secondary Education, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Elementary and Secondary Education Foundation (Amendment) Bill, 2017 may be passed, Minister Sahib!

مشیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں خیبر پختونخوا، ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن (امنڈمنٹ) بل 2017 کو پاس کرنے کیلئے تحریک پیش کرتا ہوں۔

Madam Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Elementary and Secondary Education Foundation (Amendment) Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed. Item No. 10 & 11: In continuaion to consideration of the Bill, Mr. Fakhar-e-Azam wazir MPA, to please move the amendment in sub-clause 1 of Clause 9 of the Bill.

جناب فخر اعظم وزیر: میڈم سپیکر! اس میں Technicalities ہیں، اس کو سلیکٹ کمیٹی کے حوالے کر دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر صاحب!

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب جمشید الدین (وزیر آبکاری و محاصل): میڈم! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ Rule 240 کے تحت Rule 102 کو معطل کیا جائے اور مجھے Khyber Pakhtunkhwa, Control of Narcotic Substances Bill, 2017 کو سلیکٹ کمیٹی میں بھیجنے کی اجازت دی جائے۔

Madam Deputy Speaker: The motion before the House is that rule 102 may be suspended under rule 240 to allow the honourable Minister for Excise and Taxation to move his motion? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Rule 120 is suspended, Minister Sahib! Rule is suspended.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا کنٹرول آف نارکاٹیکس 'سبسٹنسز' مجریہ 2017 کا مجلس منتخبہ کے سپرد کیا جانا

وزیر آبکاری و محاصل: میں Khyber Pakhtunkhwa, Narcotic Substances Bill 2017 کو سلیکٹ کمیٹی کو پیش کرتا ہوں جو کہ مندرجہ ذیل ممبران پر مشتمل ہے:

01. Minister Excise Chairmain;
02. Minister Law Member;
03. Honourable Deputy Speaker Member;
04. Advocate General Member;
05. Inayatullah, Senior Minister-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب! آپ ذرا یہ پیش کردیں، نام میں بتاؤں گی نا؟

وزیر آبکاری و محاصل: ٹھیک دہ جی۔

Madam Deputy Speaker: The motion before the House is that the Select Committee comprising the Members, as mentioned by the honourable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. So I now read out the names:

01. Minister Excise & Taxation Chairman;
02. Minister for Law, Parliamentary Affairs Member;
03. Honourable Deputy Speaker Member;
04. Advocate General Member;
05. Mr. Inayatullah Senior Minister (Local Government) Member;
06. Mr. Shah Farman Minister Public Health Member;
07. Maulana Lutf-ur-Rehman, Leader of Opposition Member;
08. Dr. Haidar Ali Parliamentary Secretary to CM Member;
09. Mr. Fakhr-e-Azam Khan Wazir Member;
10. Mr. Jafar Shah Member.

And I would request Anisazeb Bibi to be the member of this, Anisa Bibi. The quorum to constitute a sitting, okay, it is done.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا منرل سیکٹر گورننس مجریہ 2017 کا زیر غور لایا جانا

Madam Deputy Speaker: Item No. 12 and 13: Minister for Law, on behalf of the honourable Chief Minister, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Mineral Sector Governance Bill, 2017 may be taken into consideration at once. Ji, okay Inayat Sahib!
Mr. Inayatullah {Senior Minister (Local Government)}: I beg to move, on behalf of honourable Chief Minister, the Khyber Pakhtunkhwa, Mineral Sector Governance Bill, 2017 for consideration at once.
Madam Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Mineral Sector Governance Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes'-----

(Interruption)

Madam Deputy Speaker: Ji, Anisa Bibi! We are to discussion on it, as well.
محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جی، میڈم! Consideration approve کرنے سے پہلے امنڈ منٹس پہ ہم نے بات کرنی ہے۔
Madam Deputy Speaker: Ji ji, that's what I am saying.
Ms: Anisa Zeb Tahir Kheli: Thank you, Madam. Madam! I beg to move that Clause-----
Madam Deputy Speaker: Anisa Bibi! Let me just go to the 'Consideration' and then you will speak your amendment, okay?
Ms: Anisa Zeb Tahir Kheli: Okay Madam.
Madam Deputy Speaker: Since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 to 5 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 5 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 5 stand part of the Bill. Amendment in Clause 6 of the Bill: Ji, first amendment in paragraph (iv), in sub-clause (2) of Clause 6.
Ms: Anisa Zeb Tahirkheli: Madam, I beg to move that in Clause 6, in sub-clause (2), in paragraph (iv), after the words "Khyber Pakhtunkhwa" the words "or any of his subordinate officer" may be added and also the words "Government of Khyber Pakhtunkhwa" may be deleted.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی عنایت صاحب!

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: گورنمنٹ اس کے ساتھ Partially agree کرتی ہے، لیکن ہم یہ The word "Government" may be deleted ہم Agree کرتے ہیں کہ چاہتے ہیں کہ Words "Chief Inspector of Mines, Khyber Pakhtunkhwa or his subordinate officer"، یہ الفاظ ایسے پڑھے جائیں، میں نے ویسے میڈم کے ساتھ ڈسکشن بھی Privately کر دی لیکن I request her to agree to the amendment، ان کی امنڈمنٹ کے اندر جو گورنمنٹ نے امنڈمنٹ کی ہے-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: انیسہ بی بی!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میڈم! یہ امنڈمنٹس میرے ساتھ فخر اعظم وزیر صاحب اور آمنہ سردار صاحبہ نے بھی کی ہوئی ہیں، بنیادی طور پر یہ ہم نے اس لاء کو اور بھی سہل اور کلیئر بنانے کیلئے کی ہیں، جو چیف انسپکٹر آف مائنز ہیں، وہ تو ایک عہدیدار ہیں ہی لیکن جو منرل ٹائٹل کمیٹی کے حوالے سے ہے، اس کی Composition ہے، منرل ٹائٹل کمیٹی کو ہیڈ کرتے ہیں ڈائریکٹر جنرل، ڈائریکٹر جنرل بعض اوقات گریڈ 19 میں اور بعض اوقات گریڈ 20 میں آسکتے ہیں، اگر چیف انسپکٹر مائنز 20 گریڈ کے ہیں اور ڈی جی 19 میں ہیں، اسی طرح کمشنر مائنز، جو اگلی امنڈمنٹ ہے، وہ 20 میں ہے، تو It doesn't look nice، اسلئے یہ Provision دی گئی ہے کہ اگر چیف انسپکٹر مائنز کو ممانعت ہے، ان کو تو نہیں ہٹا رہے، وہ اگر خود کرنا چاہتے ہیں ممبرز، تو بہت اچھا ہے۔ دوسرا اس کا انسپکٹوریٹ آف مائنز ایک اپنا Full field ہے جس میں ان کو ہر وقت ایم ٹی سی کی میٹنگز بارہا ہو سکتی ہیں، تو آپ ایک Focus / attention سے ہٹا کے، ان کو ہر دفعہ ایم ٹی سی کی میٹنگ میں لانا جو ہے یہ Possible نہیں ہے-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی عنایت صاحب!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: اسلئے ہم نے ڈیپارٹمنٹ کو کہا کہ وہ اگر اپنے Subordinate یعنی سینیئر انسپکٹر آف مائنز کو اس میں Nominate کر دیں جیسا کہ تمام کمیٹیز میں ہوتا ہے کہ عموماً سیکرٹریز اس کے ممبرز ہوتے ہیں لیکن وہ کبھی ڈپٹی سیکرٹری، کبھی ایڈیشنل سیکرٹری اور کبھی سیکشن آفیسرز کو بھیجتے ہیں۔ اسی

طرح ہم نے ایم ٹی سی کو زیادہ Facilitate کرنے کیلئے کہ اگر وہ چیف انسپکٹر آف مائنز کو لانا چاہیں یا وہ اپنی Nomination کریں-----

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی عنایت صاحب!

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں، وہ تو ہم نے Partially agree کیا ہے کہ: "Or his subordinate officer or Chief Inspector Mines or his subordinate officer.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: انیسہ بی بی!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: تو میں بھی تو یہی مانگ رہی ہوں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: وہ بھی یہی کہہ رہے ہیں نا۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: انہوں نے صرف-----

سینیئر وزیر (بلدیات): لیکن ہمارا، Let me readout, let me readout, let me readout، ہم یہ چاہتے ہیں کہ It will be appropriated that in Clause 6, in sub-clause (2), in paragraph (iv), after the word "mines" the word "government" may be deleted and the words 'to be nominated by the department' may be substituted by the words 'or his subordinate officer'.

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ہاں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): So یہ جس طرح ہم چاہتے ہیں تو پھر جو اوریجنل کلاز ہے، جو Original provision ہے، پھر وہ ایسے پڑھا جائے گا "Chief Inspector of Mines of Khyber Pakhtunkhwa or his subordinate officer", these are our words then--

Ms: Anisa Zeb Tahirkheli: I agree with it.

Madam Deputy Speaker: Do you agree with it?

Ms: Anisa Zeb Tahirkheli: I agree with it.

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ الفاظ جو ہیں، یہ گورنمنٹ کے الفاظ ہیں، تو میں اسمبلی سیکرٹریٹ کے حوالے کروں گا، تھینک یو۔

Ms: Anisa Zeb Tahir Kheli: Thank you.

Madam Deputy Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted?

Those who are in favour of it may say ‘Yes’; those who are in favour may say ‘Yes’-----

(Interruption)

Madam Deputy Speaker: Inayat Sahib!

(Pandemonium)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخر اعظم صاحب!

سینئر وزیر (بلدیات): د پیار تهمنت راته وئیلی دی۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: فخر اعظم صاحب! جی فخر اعظم صاحب! آپ کی تو انیسہ بی بی نے کلیئر کرادی ہے، نیکسٹ پہ آپ بولیں گے نا، یہ تو کلیئر ہوگئی ہے؟

جناب فخر اعظم وزیر: ٹھیک ہے میڈم!

Madam Deputy Speaker: This is clear, okay, next one. The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour, not adopted---

Senior Minister (Local Government): Not adopted, as amended by the Government.

Madam Deputy Speaker: Okay, along with amendment just may be a-----

Ms: Anisa Zeb Tahirkheli: As amended.

Madam Deputy Speaker: As amended, okay agreed, next one.

Ms: Anisa Zeb Tahirkheli: As amended.

